پیارے نبی کی پیاری زبان
(عربی بذریعہ خط و کتابت)

مؤلف: عبدالرحمان طاہر سورتی ۔ مرتب: حافظ نذر احمد
ناشر: عربی خط و کتابت سکول ۲۹/۱۸ محمد نگر علامہ اقبال روڈ ۔ لاہور
قیمت کتاب مع فیس امتحان و سند: ۳۰/- روپے۔

ہمارے لئے عربی زبان کی اہمیت مختلف پہلوؤں سے ہے۔ یہ ہماری مذہبی زبان ہے قرآن اور حدیث کا سارا سرمایہ عربی میں ہے۔ عالم اسلام کی زبان ہے اور اُمّتِ مسلمہ سے قریب ہونے کا ایک اہم ذریعہ عربی زبان ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں ۵۵ اسباق کی صورت میں عربی زبان کا ابتدائی نصاب پیش کیا گیا ہے جو منصوبے کے مطابق اوسط درجہ کے خواندہ افراد پانچ ماہ کی مدت میں بذریعہ خط و کتابت مکمل کر سکتے ہیں۔ ہر سبق کے آغاز میں آٹھ سے دس لفظ دیئے گئے ہیں اور ایک دو قاعدے آسان انداز میں سمجھائے گئے ہیں سبق کے خاتمہ پر عربی سے اُردو اور اُردو سے عربی میں ترجمہ کی مشقیں ہیں۔

نصاب پر ایک نظر ڈالنے سے محسوس ہوتا ہے۔ کہ اسکی تکمیل سے ایک عام آدمی کتاب اللہ اور حدیث نبوی کے مطالعہ کے قابل ہو سکتا ہے اور عربی زبان میں بول چال پر قدرت حاصل کر سکتا ہے۔

صحابہ کبارؓ ۔ حضرت علیؓ کی نظر میں

مؤلف: منشی عبدالرحمان خان ۔ صفحات: ۱۱۶
قیمت ۵/- روپے ۔ ناشر: جاوید اکیڈمی ۔ چہلیک ملتان ۔

کتابچہ کا موضوع نام سے واضح ہے۔ مؤلف نے اس میں صحابہ کبارؓ کی باہمی رشتہ داریوں، صحابہ کرامؓ کے مقام، ان کے اختلاف اور حضرت علیؓ کے طرزِ عمل پر گفتگو کی ہے۔

پی سی ٹی
مارکہ
پرزہ جاتِ سائیکل
پاکستان میں سب سے اعلیٰ اور معیاری
بٹ سائیکل سٹورز ۔ نیلا گنبد ۔ لاہور
فون نمبر 65309